17/05/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لےکر میں مسرت شاہ

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے دورے کے تیسرے مرحلے میں پہنچے سویڈن۔// اپنے ہم منصب کے ساتھ کرینگے کئی معاملات پر تبادلہ خیال۔

*........ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو رواں مہینے کی 25 تاریخ کو اس سال کے پدم ایوارڈ کریں گی عطا ۔

*........ نئی نسل کو مذہبی جڑوں اور روایات کے ساتھ جوڑنا وقت کی ضرورت// ممبئی مینمنعقدہ ایک پروگرام پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا اظہار خیال۔

اور

*........ہائیپرٹینشن سے متعلق بیداری پیدا کرنے اور ٹیلی مواصلات کا عالمی دن آج۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے تیسرے مرحلے میں سویڈن کے دو روزہ دورے پر Gothenburg پہنچ گئے ہیں۔

اپنے اس دورے میں، وزیر اعظم مودی سوئیڈن کے وزیر اعظم Ulf Kristersson سے ملاقات کریں گے، جس دوران وہ باہمی تعلقات کے تمام تر پہلوو

---

ں کا جائزہ لیں گے اور دو طرفہ تجارت میں اضافے کیلئے اشتراک کے نئے راستے تلاش کریں ۂ گے۔

وزیر اعظم کے دورے کے دوسرے مرحلے میں کل بھارت اور نیدر لینڈ نے اپنے باہمی تعلقات کو کلیدی ساجھیداری کی سطح پر لے جانے سے اتفاق کیا تھا ۔

اس موقعہ پر وزیر اعظم نے کہا ۔

------PM-----

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو رواں مہینے کی 25 تاریخ کو راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کریں گی ۔ اس بات کی جانکاری وزارت داخلہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی ہے ۔

اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ہے جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔ ایوارڈ پانے والوں میں 16 خواتین شامل ہیں جبکہ 16 افراد کو بعد از مرگ یہ ایوارڈ دئے جا رہے ہیں ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ممبئی میں منعقدہ نوویں ماٹی سمان سمارو میں شرکت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پر وانچل صرف جغرافیائی خطہ نہیں بلکہ روحانیت ،تہذیب اور ثقافت کی زندہ علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پر وانچل اور مہار راشٹر کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور روحانی رشتے صدیوں پر محیط ہیں جنہیں سنتوں ، صوفیوں اور عظیم شخصیات نے مزید مضبوط بنایا ہے ۔

لیفٹیننٹ گورنر نے لوک ماتا اہیلیہ بھائی ہولکر رگوناتھ راو اور ملہار راو

---

ہولکر کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان شخصیات نے کاشی وشوناتھ مندر غ سمیت کئی مذہبی اور ثقافتی مقامات کی تعمیر اور بحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو اپنی مذہبی جڑوں ،روایات اور ثقافتی ور ثے سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ملک کی مضبوط تہذیبی ، ثقافت بر قرار رہ سکے۔

سینسس

مکمل کر لی ۔ Enumeration لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سینسس 2027 کے تحت آج اپنی سیلف ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ اس مرحلے میں گھروں کی فہرست سازی اور رہائشی معلومات سے متعلق کاروائیاں شامل ہیں ۔ انہوں نے جموں کشمیر کے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مردم شماری میں بھر پور حصہ لے کر اپنی معلومات فراہم کریں ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کو ترقی کے نئے منازل سے ہمکنار کرانے کے لئے سرکار ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ۔ یہ بات انہوں نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران کہی جس میں پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے عملائے جا رہے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج جموں صوبے کے پونچھ ضلعے میں 57 کروڑ 98 لاکھ روپے لاگت والے واٹر سپلائی ، آبپاشی اور دیہی رابطہ سہولیات کے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ سرکار جموں کشمیر کے ہر خطے کی متوازن ترقی کے لئے کام کر رہی ہے ۔

نشہ

نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت یوٹی کے سبھی اضلاع میں سیول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف سرگرمیاں جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

اس بارے میں شوپیان ضلعے کے آڈیجن
گاو

---

ں سے تعلق رکھنے والے ایک طالب علم عرفات ریاضنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات ۂ کرتے ہوئے کہا۔

--- Arfat Riyaz---

کشمیر پولیس

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پولیس کی کاروائیاں جاری ہیں۔

ترال میں پولیس نے رفیق احمد بٹ نامی ایک شخص کی زمین پر کاشت کی گئی بھنگ کی فصل کو تباہ کر دیا۔

بارہمولہ کے کریری علاقے میں بھی بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا گیا ۔

بانڈی پورہ ، بارہمولہ، بڈگام اور اونتی پورہ میں پولیس کے اہتمام سے نشہ مخالف بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ۔ سمبل میں پولیس نے ادویات کی کئی دکانوں کا معائینہ کیا۔

اننت ناگ میں پولیس نے منشیات کے کاروبار کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے کئی مقامات پر تلاشی کاروائیاں انجام دی۔

شوپیان میں پولیس نے سرتاج احمد موچی نامی ایک منشیات فروش کی تقریباً چار لاکھ روپے مالیت کی چھ مرلے زمین اٹیچ کر دی ہے ۔

اونتی پورہ اور اننت ناگ میں تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ہے ۔

جموں پولیس

جموں صوبے میں بھی پولیس نے ڈرگ سمگلروں کے خلاف اپنی کارؤایوں کے دوران کٹھوعہ میں سجاد احمد اور فاروق احمد نامی دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا۔

ادھمپور میں ایسی ہی ایک کاروائی کے دوران شیر محمد نامی منشیات فروش کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ضلع کے کوشار علاقے میں عمران خان نامی ڈرگ سمگلر کے غیر قانونی تجاوزات کو مسما ر کیا گیا۔

پولیس نے ڈوڈہ ضلع کے بھدرواہ اور گندوہ علاقوں میں بھنگ کی کاشت تباہ کر دی۔ ضلع میں ثاقب حسین نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا گیا۔

سانبہ میں مام حسین نامی ڈرگ سمگلر کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔

SKIMS

شیر کشمیر انسٹیچیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں ایک آٹھ ماہ کے بچے کا Bone Marrow Transplant کامیابی کے ساتھ انجام دیا گیا ہے۔ اس طرح ادارے کے Heamotology and Bone Marrow شعبے نے طبی خدمات کی فراہمی میں ایک اور سنگ میل عبور کیا ہے۔ سکمز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے اس کامیابی کیلئے مذکورہ شعبے کے ڈاکٹروں اور دیگر عملے کو مبارکباد دی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جراحی کا یہ عمل شعبے کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر سجاد احمد گیلانی کی سربراہی میں ڈاکٹروں کی ٹیم نے انجام دیا۔

زبیر سلیم

موسم میں تبدیلی اور گرمی میں اضافے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے طبی ماہرین نے بزرگوں کو روز مرہ کے معمولات میں احتیاط برتنے کی صلاح دی ہے۔ بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر // ڈاکٹر زبیر سلیم نے کہا ہے کہ بزرگوں کو دن کے دوران گھر سے باہر جانے میں کچھ احتیاطی تدابیر اپنانی چاہئیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

Hypertension ڈے

کی روک تھام کا عالمی دن ہے۔ اس سال کا موضوع ہے، مل کر Hypertension آج
کو کنٹرول کریں، اپنے بلڈ پریشر کی باقاعدگی سے جانچ کرائیں۔ یہ دن Hypertension
کے تعلق سے بیداری پیدا کرنے کے مہینے کا ایک حصہ ہے، جس کا مقصد بلڈ Hypertension
پریشر بڑھنے کے بارے میں عالمی سطح پر بیداری بڑھانا،اس کی روک تھام، تشخیص اور اِسے
کنٹرول کرنے کو بڑھاوا دینا ہے۔

ٹیلی مواصلات ڈے

آج ہی ٹیلی مواصلات اور انفارمیشن سوسائٹی کا عالمی دن بھی منایا جا رہا ہے۔ آج کے دن
انٹرنیٹ اور انفارمیشن نیز مواصلاتی ٹیکنالوجی کے اُن امکانات کے بارے میں جانکاری پھیلائی
جا تی ہے۔

اس دن کی مناسبت سے آج دی انسٹی چیوشن آف انجینئرس کے ریجنل سینٹر سرینگر میں بھی
ایک تقریب منعقد ہو ئی۔

مہا کنبھ میلہ

جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع میں واقع تاریخی مارتنڈ تیرتھ مندر میں آج سے مہا کنبھ میلے کا
آغاز ہوا۔ اس میلے کو" بَن
ماس

---

ادِکتم ماس" یا "پروشوتم ماس" کے ناموں سے بھی جانا جاتا ہے اوریہ میلہ ایک ماہ تک "، "©
جاری رہے گا۔ اس میلے میں کشمیری پنڈتوں کی خاصی تعداد شرکت کر رہی ہے۔

ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ میلے کے آغاز پر ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش
شرما اور  ایم ایل اے اننت ناگ ایسٹ ریاض احمد خان بھی موجود تھے۔

میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے ستیش شرما نے کہا۔

.....BYTE SATISH SHARMA....

GCC

نے سرکار سے کہا ہے کہ وہ سرینگر شہر کیلئے اعلان شدہ Group of concerned citizens
ترقیاتی اور تعمیراتی پروجیکٹوں پر نظر ثانی کر کے ماہرانہ رائے حاصل کرے۔ گروپ کے
چئیرمین اور سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے کہا ہے کہ Convent.. sangarmal
برج اور فلائی اوور کے علاوہ ڈلگیٹ ۔پارمپورہ فلائی اوور کے مجوزہ منصوبوں پر تعمیراتی

ماہرین کی رائے حاصل کرنا نا گزیر ہے۔ اس سلسلے میں جی سی سی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں اچھن پروجیکٹ کا پیشہ وارانہ تخمینہ لگایا جانا چاہیے۔

KHF

کشمیر کی ثقافتی وراثت کو تحفظ فراہم کرنے کےلئے کام کرنے والی" کشیر ہسٹری فاؤنڈیشن" کے "The First Travelling Museum and Cultural Festival" کے اہتمام سے سرینگر میں نام سے منعقد ہوا تین روزہ پروگرام آج اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ پروگرام کے تیسرے روز آج بھی مقررین نے کشمیر کی وسیع تاریخ پر مقالے پڑے۔

فاونڈیشن کی ڈائریکٹر سنندا نہرو گنجو نے پروگرام کے دوران انجام دی گئی سرگرمیوں کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ہر سطح پر عوام کی راحت رسانی ان کی جماعت کا منشور رہا ہے ۔ سرینگر میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پارٹی سے وابستہ ارکانِ قانون سازیہ سے تلقین کی کہ وہ عوام کی خدمت کے لئے خود کو وقف رکھیں ۔

اس دوران نیشنل کانفرنس نے وادی کی معروف سماجی شخصیت شیخ علی محمد کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔مرحوم پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کے چچا زاد بھائی تھے ۔

BJP

جموں کشمیرکے اہتمام سے آج جموں صوبے کے کچھ اضلاع میں پنڈت دین دیال اُپادھیائے BJP پرشکشن مہا ابھیان کے تحت کئی پروگرام منعقد ہوئے ۔

کشتواڑ میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے پردیش صدر ست شرما نے کے سیاسی نظریات کے نتیجے میں یہ دنیا کی سب سے بڑی سیاسی جماعتوں میں BJP کہا کہ شامل ہو گئی ہے ۔ تقریب سے قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے بھی خطاب کیا ۔ اس موقعہ پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور سینئر لیڈر و راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ کے علاوہ دیگر کئی لیڈر بھی موجود تھے ۔

پارٹی کی نائب صدر پریا سیٹھی نے اکھنور میں ایسی ہی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو بنیادی سطح پر مضبوط بنانا بی جے پی کا منشور ہے ۔

جنتا دل یونائیڈ

جنتا دل یونائیڈ جموں کشمیر کے صدر جنتا جی ایم شاہین نے بارہمولہ ضلعے کے پٹن اور کریری علاقوں کا دورہ کیا اور وہاں لوگوں کو در پیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ شاہین نے لوگوں کو یقین دلایا کہ وہ
ا

---

ن کے مطالبات متعلقہ حکام کی نوٹس میں لائیں گے ۔±

انتقال

وادی کے ایک معروف تھیٹر اور ٹی وی ریڈیو اداکار شبیر حکاک کے والد غلام نبی حکاک آج صبح انتقال کر گئے۔ ان کے انتقال پر کئی ثقافتی، سماجی، ادبی اور تھیٹر سے وابستہ کئی افراد اور انجمنوں نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیاہے۔ آکاشوانی سرینگر کے پروگرام ہیڈ غلام رسول آخون نے بھی مرحوم کے انتقال پر صدمے کا اظہار کرتے ہوئے شبیر حکاک کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے۔

مرحوم کی اجتماعی فاتحہ خوانی 20مئی بدھوار کو صبح 10 بجے مقبرہ آخون صاحب کنہ مزار سرینگر میں انجام دی جائے گی۔

من کی بات

وزیر اعظم نرنیدر مودی اس ماہ کی 31تاریخ کو اپنے ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر اظہار خیال کرینگے ۔ آکاشوانی پر نشر ہونے والے اس ماہانہ پروگرام کی یہ 134 وینقسط ہو گی۔ اس پروگرام کیلئے لوگ اپنی آر ا ءاور تجاویزٹول فری نمبر 1800-11-7800 پر پر بھی بھیجی جا سکتی ہیں۔ MyGovOpenForum بھیج سکتے ہیں۔ تجاویز نریندر مودی ایپ یا عام لوگ اس مقصد کیلئے 1922 پر ایک مس کال بھی دے سکتے ہیں۔ تجاویز اور آرا ءاس مہینے کی 29 تاریخ تک بھیجی جا سکتی ہیں۔

WHO

بیماری کے Ebola نے عوامی جمہوریہ کانگو اور یوگانڈا میں WHOصحت کی عالمی تنظیم، پھوٹ پڑنے کو عوامی صحت سے متعلق بین الاقوامی تشویش والی ہنگامی صورتحال قرار دیا کے ڈائریکٹر جنرل WHO ہے۔

نے 300 مشتبہ کیسوں اور 88 اموات کی خبر ملنے کے Tedros Adhanom Ghebreyesus نے البتہ اس بات کی بھی WHO بعد، اس فیصلے کا اعلان کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر عالمی وبا جتنا مہلک نہیں ہے۔ Covid-پھوٹ پڑنے کا یہ معاملہ، Ebola 19 وضاحت کی ہے کہ

آبنائے ہرمز

بھارت نے آبنائے ہرمز میں کمرشل بحری جہازوں پر حملوں کی سخت مذمت کی ہے اور اسے ناقابل قبول قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے کہا کہ سولین عملے کو نشانہ بنائے جانے اور جہاز رانی کی آزادی میں خلل ڈالنے کو صحیح نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔ وہ عالمی توانائی اور سپلائی نظام کے تحفظ کے بارے میں اقوام متحدہ اقتصادی اور سماجی کونسل کی خصوصی میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 27 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر28منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔